Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَعَسٰى اَنْ يَّعْتَلَ بَابُكَ مَعْلَمًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

تاسیس ۱۹۱۳ء

مدیر: یوسف سہیل شوق

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | ۷ رمضان ۱۴۰۰ھ ؛ ۲۱ وفا ۱۳۵۹ ہش ؛ ۲۱ جولائی ۱۹۸۰ء | نمبر ۱۶۶

مقامی اخبارات اور ریڈیو میں پریس کانفرنس کی خبر کی وسیع پیمانے پر اشاعت

نمایاں شخصیات کو دیئے گئے ڈنر میں شمولیت۔ زیورچ کے احباب جماعت سے ملاقات

فرینکفورٹ واپسی

بہ اطلاع امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کے نام موصول ہونے والی اس کیبل گرام میں دی گئی ہے، جو کہ پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے سوئٹزرلینڈ کے دارالحکومت فرینکفورٹ سے بھیجی ہے اور جو یہاں کل ۱۹ جولائی کو موصول ہوئی ہے کیبل گرام میں بتایا گیا ہے، نے ۱۶ جولائی کو شہر کے ایک بہت بڑے ہوٹل زیورچ ہوٹل میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب فرمایا۔ اس پریس کانفرنس میں شہر کے ممتاز صحافی شریک ہوئے اور اگلے روز کے اخبارات میں اس کی نمایاں انداز میں خبر چھاپی گئی زیورچ ریڈیو نے بھی اس پریس کانفرنس میں حضور کے ارشادات نشر کئے۔

اللہ تعالیٰ زیورچ میں جو اہم خدمات دینیہ میں مصروف ہیں ان کی تفصیل بتاتے ہوئے کیبل گرام میں محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ ۱۳ جولائی کی صبح کو زیورچ اور اطراف کے جماعت کے ممبران سے ملاقات کی۔ اسی روز بعد دوپہر ایدہ اللہ تعالیٰ ایک خصوصی استقبالیہ تقریب میں مہمان خصوصی تھے۔ جو کہ مقامی جماعت نے کے اعزاز میں منعقد کیا تھا۔ اس استقبالیہ میں مقامی احمدی کے علاوہ البانیہ، سوئٹزرلینڈ اور ترکی کے بھی شامل تھے۔

ایدہ اللہ تعالیٰ اس تقریب میں مہمانوں سے گھل مل کر باتیں کرتے رہے۔

۱۴ جولائی ایک ڈنر میں شرکت کی، جس میں شہر سے چیدہ چیدہ اور نمایاں افراد شامل تھے۔ دیگر اہم لوگوں

(باقی دیکھیں صفحہ ۵ پر)

انگلش کوچنگ کلاسز

برائے بی۔ اے۔ بی ایس سی

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ کے شعبۂ تعلیم کے زیر اہتمام ایوان محمود میں صبح ۷ تا ۹ بجے انگلش کوچنگ کلاسز برائے بی۔ اے۔ بی۔ ایس سی کا انتظام کیا گیا ہے۔ جس میں تجربہ کار اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ خواہشمند طلباء زیادہ سے زیادہ اس نادر موقعہ سے فائدہ اٹھائیں۔

مہتمم مقامی مجلس خدام الاحمدیہ ربوہ

اخبار احمدیہ

-- ربوہ ۲۰ وفا/جولائی۔ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کی صحت میں معمولی بہتری ہوئی ہے۔ گردن کے درد میں تو کمی ہے۔ مگر بلڈ پریشر بدستور زیادہ ہے۔

احباب کرام توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ممدوحہ کو صحت کاملہ عطا کرے۔ اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

-- میرے ابا جان چند دن تک ایک للّٰہی سفر کے لئے بیرون پاکستان جانے والے ہیں۔ قارئین الفضل و بزرگان سلسلہ سے عاجزہ کی عاجزانہ درخواست ہے کہ وہ ان مبارک ایام میں میرے ابا جان اور تمام للّٰہی سفر اختیار کرنے والے احباب کے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا سفر و حضر میں حافظ و ناصر ہو۔

خاکسارہ امۃ النصیر قمر بنت
بشیر احمد صاحب قمر

-- مکرم چوہدری غلام احمد صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع بہاولپور گزشتہ چند دنوں سے بارضہ یرقان بیمار ہیں اس سے قبل بھی ان کو ایک دفعہ یرقان کا شدید حملہ ہوا تھا۔ مکرم چوہدری صاحب بہاولپور میں زیر علاج ہیں۔ اور تمام احباب جماعت سے دردمندانہ درخواست کرتے ہیں کہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جلد صحت عطا فرمائے۔ اور ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے۔ اور اپنا خاص فضل فرمائے آمین

عبدالخالق قائد مجلس خدام الاحمدیہ بہاولپور

-- اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور احباب جماعت کی دعاؤں سے میرے بچوں کو پہلے کی نسبت افاقہ ہے۔ الحمد للہ مگر تاہم بچوں کے زیادہ عرصہ تک بیمار رہنے کی وجہ سے کمزوری اور نقاہت پائی جاتی ہے احباب جماعت کی خدمت میں پھر درخواست ہے کہ وہ سب بچوں کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے درد دل سے دعا فرمائیں۔

ابونعیم نصیر احمد شاد ایم۔ اے
معلم وقف جدید

شکریہ احباب

(از محترم صاحبزادہ ڈاکٹر بریگیڈیئر مرزا مبشر احمد صاحب لاہور چھاؤنی)

پچھلے دنوں ہماری سب سے بڑی بہن امۃ السلام بیگم کی وفات پر متعدد دوستوں اور بہنوں کی طرف سے ہم سب بھائی بہنوں کو اور ان کی اولاد کو ہمدردی اور دعا کے خط موصول ہوئے فرداً فرداً جواب دینا مشکل ہے۔ اس واسطے اس اعلان کے ذریعہ اپنے سب بھائی اور بہنوں کی طرف سے ان تمام دوستوں اور بہنوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے تعزیت کے خطوط بھجوائے جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے

روزنامہ الفضل ربوہ
۷ر رمضان المبارک ۱۴۰۰ھ
۲۱ر وفا ۱۳۵۹ ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اصلاح ـــــ مگر کس کی؟

حکومت پاکستان نے جون کے آخر میں پاکستانی فلموں کی اصلاح کے بارے میں بعض اہم قدم اٹھانے کا اعلان کیا تھا جس کے تحت جولائی ۱۹۷۷ء سے پہلے سنسر شدہ فلموں کو دوبارہ سنسر کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ فلم سازوں کی رجسٹریشن اور کہانی وغیرہ کے بارے میں جانچ پڑتال کے قواعد جاری کئے گئے ہیں۔

اس اعلان کے بعد سے ملک بھر کے اخبارات میں فلموں کی اسلامی حیثیت کے بارے میں ایک عمومی بحث چھڑ گئی ہے۔ جس میں فلموں کا موجودہ نظام بحال رکھتے ہوئے ان کی اصلاح کے بارے میں تجاویز پیش کی جا رہی ہیں۔

ہم حیران ہیں کہ ایک ایسے نظام کی اصلاح کی بات کی جا رہی ہے جس کا خمیر ہی بُرائی سے اٹھایا گیا ہے۔ کیا آج کی فلم میں سے رقص، گانا، بے ہودہ مذاق۔ عورت کے جسم چہرہ اور آواز کی نمائش نکال کر (ٹائیٹل کے سوا) کچھ باقی رہ جاتا ہے؟ اگر نہیں تو ان میں سے کونسی بات ایسی ہے جس کی اسلام اجازت دیتا ہے؟ ہم تو بات شروع ہی یہاں سے کرتے ہیں کہ کیا اسلام میں کسی غیر عورت کا چہرہ دیکھنے کی اجازت ہے؟ جب یہی بات جائز نہیں تو پھر گانا۔ رقص موسیقی اور دیگر لوازمات کی اصلاح چہ معنی دارد؟ کیا ہم شراب کو اسلامی کر سکتے ہیں یا سؤر کے گوشت کو کسی طرح حلال قرار دے سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جماعت احمدیہ کا موجودہ فلموں کے بارے میں ایک قطعی واضح اور دوٹوک نظریہ وہ ہے جو کہ

نے یوں فرمایا:۔

"سینما کے متعلق میرا خیال ہے کہ اس زمانہ کی بدترین لعنت ہے اس نے سینکڑوں شریف گھرانوں کے لڑکوں کو گویّا اور سینکڑوں شریف خاندان کی عورتوں کو ناچنے والیاں بنا دیا ہے۔" (خطبہ جمعہ ۸ر دسمبر ۱۹۴۴ء)

اسی لئے نے واضح طور پر حکم جاری فرمایا کہ:۔

"میں ساری جماعت کو حکم دیتا ہوں کہ کوئی احمدی کسی سینما، سرکس، تھیٹر وغیرہ غرضیکہ کسی تماشے میں نہ جائے اور اس سے کلی طور پر پرہیز کرے۔"

(خطبہ جمعہ ۲۳ر نومبر ۱۹۴۴ء)

لیکن جماعت احمدیہ کا کوئی نظریہ جدید دُنیا کی کسی فائدہ بخش ایجاد کی افادیت کو رد نہیں کرتا اس لئے اس اعلان کا یہ مقصد نہیں کہ ہر قسم کی فلم کلیتاً اور قطعی ممنوع ہے بلکہ اصل بات نے یوں فرمائی کہ:۔

"سینما اپنی ذات میں بُرا نہیں، بلکہ اس زمانہ میں اسکی جو صورتیں ہیں وہ مخرب الاخلاق ہیں۔ اگر کوئی فلم کلی طور پر تبلیغی یا تعلیمی ہو اور اس میں کوئی حصہ تماشا وغیرہ کا نہ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں.... جس چیز کو ہم رد کرتے ہیں وہ اخلاق کو خراب کرنیوالا حصہ ہے۔"

(تقریر مجلس شوریٰ ۱۹۳۹ء)

اس کی مزید وضاحت یوں فرمائی کہ:۔

"میں نے جو اجازت دی ہے وہ یہ ہے کہ علمی یا جنگی اداروں کی طرف سے جو خالص علمی پکچرز ہوتی ہیں مثلاً جنگلوں، دریاؤں کے نقشے یا کارخانوں کے نقشے یا جنگ کی تصاویر جو سچی ہوں ان کو دیکھنے کی اجازت ہے کیونکہ وہ علم ہے۔" (الفضل ۲۵ر اپریل ۱۹۴۴ء)

بلاشبہ جماعت احمدیہ کا فلموں کے بارے میں نظریہ ہی دین خاتم الانبیاءؐ کی صحیح عکاسی کرتا اور اسلام کے صحیح اصولوں کو پیش کرتا ہے۔

شرق اور غرب پیار سے باہم ہیں مل رہے

قسمت کھلی ہے دوستو پھر اہلِ غرب کی
بدلے ہیں آخر اُن کے بھی اطوارِ زندگی

قرآن کی سچائی کا چرچا ہے پھر وہاں
ہر سمت ایک حشر سا برپا ہے پھر وہاں

جن کو خُدا کی ذات پہ ایمان ہی نہ تھا
اور اُخروی حیات پہ ایقان ہی نہ تھا

پہنچا ہے اُن کے پاس بھی پیغامِ سرمدی
کرنے لگے ہیں ربِّ محمدؐ کی بندگی

صدیوں مٹا رہا جہاں اسلام کا نشاں
اب گونجتی اذانیں مساجد میں ہیں وہاں

پھر تشنہ پی رہے ہیں شرابِ محمدی
وا ہے درِ علومِ کتابِ محمدی

ہیں ماند اہلِ فلسفہ کی سب تعلّیاں
زندہ خُدا کی دیکھ رہے ہیں تجلّیاں

توحید کے گلاب ہیں ہر سمت کھل رہے
شرق اور غرب پیار سے باہم ہیں مل رہے

بطحا کے آفتابِ ھُدیٰ کی تجلّیات
دکھلا رہی ہیں اب بھی ہر اک کو رہِ حیات

اک مردِ حق غلامِ شہنشاہِ دو جہاں
حق کا پیام لے کے ہے پہنچا کہاں کہاں

قرآن زادِ راہ ہے ہر دم حضور کا
آئینہ دار ہے جو محمدؐ کے نُور کا

اے ربِّ شرق و غرب ہے تجھ سے دُعا مری
دن رات صبح و شام یہی التجا مری

جائیں وہ جس طرف تری نصرت بھی ساتھ ہو
ہر آن تیرا سایۂ رحمت بھی ساتھ ہو

جس ملک جس نگر میں وروودِ حضور ہو
گھر گھر وہاں تجلّیٔ ربِّ غفور ہو

دل جیت لیں ہزاروں کے قرآن کے لئے
سردارِ دو جہاں شہِ شاہان کے لئے

جس سمت جائیں فتح و ظفر ہمرکاب ہو

پڑھ کر بصد خلوص و وفا کلمۂ رسولؐ
یورپ کے سب "طیور" کریں دینِ حق قبول

ـــــ (محمد صدیق امرتسری سابق مبلغ مغربی افریقہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مجلس نصرت جہاں کے تحت تربیتی کورس کا انعقاد

(مکرم سیکرٹری صاحب مجلس نصرت جہاں ربوہ)

اپنے پیارے کی مبارک خواہش کی تعمیل میں "مجلس نصرت جہاں" کے تحت مغربی افریقہ جانے والے واقفین کی دینی اور روحانی تربیت کی غرض سے مرکز سلسلہ میں ایک تربیتی کورس منعقد کیا گیا جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت کامیاب رہا۔ حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۴ جون کو اپنی علالت کے باوجود انتہائی شفقت سے کورس میں حصہ لینے والے واقفین کو خصوصی ملاقات کا شرف بخشا اور ان کو نصائح بھی فرمائیں۔

اس تربیتی کورس کا افتتاح محترم مولوی نسیم سیفی صاحب سابق رئیس التبلیغ مغربی افریقہ و مبلغ انچارج نائیجیریا و سیرالیون حال وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ نے مورخہ ۲۳ جون کو بعد از نماز عصر مسجد مبارک میں فرمایا۔ افتتاحی کارروائی دعا سے عمل میں آئی جو محترم صوفی غلام محمد صاحب ناظر بیت المال خرچ نے کروائی اور اسی روز کی بقیہ کارروائی بھی مسجد مبارک میں ہی انجام پذیر ہوئی۔

یہ تربیتی کورس مورخہ ۲۳ جون سے ۷ جولائی ۱۹۸۰ء تک روزانہ شام ۶ بجے جامعہ احمدیہ کے ہال میں منعقد ہوتا رہا۔ اس میں واقفین سے سابق مبلغین کرام خطاب فرماتے رہے اور واقفین کو مغربی افریقہ سے تعلق رکھنے والی مذہبی، تاریخی، سماجی، جغرافیائی، سیاسی اور معاشی معلومات سے نوازا۔ تبلیغ اور تعلیم تدریس کے میدان میں پیش آنے والے متعدد ذاتی تجربات واقعات کی روشنی میں بیان کئے جن سے ان واقفین کی جہاں معلومات میں اضافہ ہوا وہاں ان کے ایمان میں بھی اضافہ کا باعث بنے۔

یہ کورس اپنی نوعیت کا پہلا اور منفرد تجربہ تھا جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حضور کی ذاتی توجہ اور دعا سے بہت ہی کامیاب ثابت ہوا۔ اعمال نصرت جہاں سکیم کے تحت کام کرنے کے لئے اپنا نام پیش کرنے والے جملہ واقفین کی خدمت میں درخواست کی گئی تھی کہ وہ جولائی کے آخر میں مرکز سلسلہ میں منعقد ہونے والی فضلِ عمر درس القرآن کلاس میں شامل ہو کر اپنے علم و عرفان میں اضافہ کریں۔ چنانچہ واقفین اس درس القرآن کلاس میں شامل ہونے کے علاوہ شام کو اس تربیتی کورس میں جس کا اہتمام جامعہ احمدیہ کے ہال میں کیا گیا تھا بھی شامل ہوتے رہے۔

اس تربیتی کورس میں جن مبلغین کرام نے خطاب فرمایا ان کے اسماء گرامی مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) محترم مولانا نسیم سیفی صاحب سابق مبلغ انچارج نائیجیریا و سیرالیون حال وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ

(۲) محترم مولانا نذیر احمد صاحب مبشر سابق مبلغ انچارج گھانا۔

(۳) محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب سابق مبلغ گھانا

(۴) محترم مولوی بشارت احمد صاحب بشیر سابق مبلغ انچارج گھانا و سیرالیون۔

(۵) محترم مولوی فضل الٰہی صاحب انوری سابق مبلغ انچارج نائیجیریا و جرمنی۔

(۶) محترم حافظ بشیر الدین صاحب عبید اللہ سابق مبلغ انچارج گیمبیا و بلاد عربیہ۔

(۷) محترم پروفیسر مسعود احمد خان صاحب سابق سیکنڈ ہیڈ ماسٹر احمدیہ سیکنڈری سکول گھانا۔

(۸) محترم قریشی سعید احمد صاحب اطہر سابق مبلغ نائیجیریا۔

(۹) محترم میر عبدالرشید صاحب تبسم سابق مبلغ گھانا۔

(۱۰) محترم مولوی محمد بشیر صاحب شاد سابق مبلغ نائیجیریا و سیرالیون

(۱۱) محترم مولوی عبدالعزیز صاحب ویٹس مبلغ سیرالیون۔

(۱۲) محترم مرزا نصیر احمد صاحب سابق مبلغ گھانا و پرنسپل احمدیہ مشنری ٹریننگ کالج سالٹ پانڈ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جملہ مقررین حضرات باقاعدگی سے وقت پر تشریف لاتے رہے۔ تقریر کے بعد ایک خاصا وقفہ برائے سوال و جواب بھی رکھا جاتا تھا جس میں واقفین کرام اپنے اپنے ذوق و ضرورت کے مطابق سوالات پوچھتے رہے۔ کورس فی الحقیقت بہت ہی دلچسپ رہا اور بہت ہی ایمان افروز واقعات و تجربات سامنے آتے رہے۔ مغربی افریقہ کی تاریخ و تمدن سیاسیات و معاشیات کے متعلق یہ بہت ہی جامع و مانع قسم کا کامیاب پندرہ روزہ سیمینار ثابت ہوا۔ جو مقررین اور سامعین دونوں کے لئے انتہائی مفید رہا۔

اللہ تعالیٰ ان سب احباب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کی صحت و عمر میں برکت دے۔

آخر میں جملہ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے تا اللہ تعالیٰ ہماری اس حقیر سعی کو قبول فرمائے اور خدمت دین کی بیش از بیش خدمت کی توفیق دیتا چلا جائے۔

ماہنامہ خالد ربوہ، ماہ جون، جولائی ۱۹۸۰ء

ایجنٹ و خریداران ماہنامہ خالد مطلع رہیں کہ ماہ جون، جولائی ۱۹۸۰ء کا خالد ابھی زیر طبع ہے۔ انشاء اللہ اس ماہ کے آخر تک بھجوایا جائے گا۔ ایجنٹ و خریداران دعا کر کے ہماری مدد فرمائیں۔

(مینیجر ماہنامہ خالد ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صدقہ ردِّ بلا کا موجب ہوتا ہے

تعمیر مساجد کے صدقہ جاریہ میں ۸ جنوری تا ۳۱ جنوری ۱۹۸۰ء حصہ لینے والوں کے نام درج ذیل ہیں۔

مکرمہ بیگم فاروق صاحب چوہدری لاہور	۵۰/-	روپے
" امۃ الحبیب صاحبہ بذریعہ مکرم حسن محمد صاحب لاہور	۵۰۰/-	"
" شمیم سلطانہ صاحبہ اہلیہ نصیر احمد خان صاحب مرحوم ربوہ	۱۰۰/-	"
جماعت احمدیہ کھریہ ضلع سیالکوٹ	۱۵۰/-	"
" " ملتان	۵۰/-	"
" نسیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ عبدالرحمٰن صاحب دہلوری ربوہ	۵۰/-	"
" فریدہ بیگم صاحبہ مظفر گڑھ	۱۰۰/-	"
" سردار بیگم صاحبہ مرحومہ والدہ لطیف احمد صاحب	۲۵۰/-	"
مکرم چوہدری محمد یعقوب صاحب فیصل آباد	۱۰۰/-	"
" مولوی ہادی علی صاحب پشاور	۵۰/-	"
مکرمہ جمیلہ بیگم صاحبہ "	۵۰/-	"
مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب دارالصدر شمالی ربوہ	۵۰/-	"
" میاں غلام احمد صاحب وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ	۲۰۰/-	"
" میاں محمد عالم صاحب نورپین، کندیاں ضلع میانوالی	۱۰۰/-	"
" نذر محمد و تاجدین صاحبان اورحمہ ضلع سرگودھا	۱۰۰/-	"
" چوہدری پشارت احمد صاحب ظفروال ضلع سیالکوٹ	۵۰/-	"
" " محمد اسلم صاحب " "	۵۰/-	"
مکرمہ بیگم صاحبہ سید محمود احمد صاحب مردان	۵۰/-	"
" فضیلت بی بی صاحبہ "	۵۱/-	"
مکرم رافع خان صاحب ابن مولوی نذر محمد خان صاحب ربوہ	۵۰/-	"
مکرمہ حمیدہ طاہرہ صاحبہ دارالعلوم غربی "	۵۰/-	"
مکرم مقصود احمد صاحب آف لیبیا دارالفضل "	۱۰۰۰/-	"
" میاں اسلم شریف صاحب کھاد فیکٹری ملتان	۶۰/-	"
" عبدالحق صاحب گوجرانوالہ	۱۰۰/-	"
" چوہدری نثار احمد صاحب مظفر گڑھ	۱۰۰/-	"
لجنہ اماء اللہ کوئٹہ بذریعہ مکرم لعل خان صاحب کوئٹہ	۴۰۰/-	"
مکرمہ نصرت جہاں صاحبہ اہلیہ میاں محمود احمد صاحب کوئٹہ	۱۵۰/-	"

(وکیل المال اوّل تحریکِ جدید ربوہ)

درخواست ہائے دعا

(۱) مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل المال ثانی تحریکِ جدید کے پانچ بچوں نے اپنے سکول کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے کی خوشی میں تعمیر مساجد کے فنڈ میں پچاس روپے ادا فرمائے ہیں۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

قارئین کرام سے اس دعا کی درخواست کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے بچوں کی اس کامیابی کو دین و دنیا کی ترقیات کا پیش خیمہ بنا دے۔ اور یہ سب نیک اور خادم دین ہوں۔ آمین۔

(وکیل المال اوّل تحریکِ جدید ربوہ)

(۲) میرے والد صاحب مکرم محمد یوسف صاحب کارکن لنگر خانہ ملکہ کو ایکسیڈنٹ کی وجہ سے شدید چوٹیں آئی ہیں۔ سول ہسپتال فیصل آباد میں داخل ہیں۔ احباب سے ان کی صحت کاملہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(خاکسار مبارک احمد ربوہ)

(۳) میرے دوست مکرم ملک رفیق احمد صاحب کارکن تحریکِ جدید ربوہ بعارضہ ٹائیفائڈ ایک ہفتہ سے بیمار ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم

تصوّف کی جان اور رمضان المبارک

"کسی صوفی نے کہا ہے کہ تصوّف کی جان کم بولنا، کم کھانا اور کم سونا ہے اور رمضان اس تصوّف کی ساری جان کا نچوڑ اپنے اندر رکھتا ہے۔ کم سونا آپ ہی اس میں آجاتا ہے کیونکہ رات کو تہجد کے لئے اٹھنا پڑتا ہے کم کھانا بھی ظاہر بات ہے کیونکہ سارا دن فاقہ کرنا پڑتا ہے اور جنسی تعلقات کی کمی بھی ظاہر ہے پھر کم بولنا بھی رمضان میں آجاتا ہے اس لئے کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ فرمایا روزہ یہ نہیں کہ انسان اپنا منہ کھانے پینے سے بند رکھے بلکہ روزہ یہ ہے کہ لغو باتیں بھی نہ کرے۔ سچا روزے دار کے لئے بیہودہ باتوں سے بچنا، لڑائی جھگڑے سے بچنا اور اس طرح کی اور لغو باتوں سے پرہیز کرنا بھی ضروری ہے"

(تفسیر سورۃ البقرہ ص۳۷۷)

(نیابت تربیت انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے انٹرویو

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواستیں بھجوانے کی آخری تاریخ ۲۵ جولائی ۱۹۸۰ء مقرر کی گئی ہے اور داخلہ کے لئے انٹرویو انشاء اللہ العزیز ۳۰ اگست ۱۹۸۰ء بروز ہفتہ بوقت ۸ بجے صبح وکالت دیوان تحریکِ جدید ربوہ میں ہوگا۔

داخلہ کے لئے امیدوار کی عمر ۱۷ سال یا اس سے کم اور تعلیم کم از کم میٹرک سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے۔

میٹرک کے امتحان کا نتیجہ نکل چکا ہے۔ اس لئے ایسے احمدی طلباء جن کی عمر ۱۷ سال یا اس سے کم اور میٹرک کم از کم سیکنڈ ڈویژن میں پاس کر چکے ہوں اور وہ زندگی وقف کر کے اعلیٰ دینی تعلیم کے حصول کے لئے جامعہ احمدیہ میں داخل ہونا چاہتے ہوں وہ ۲۵ جولائی ۱۹۸۰ء تک مقامی جماعت کے صدر صاحب کی معرفت درخواستیں وکالت دیوان تحریکِ جدید ربوہ کو بھجوا دیں۔

(وکیل الدیوان تحریکِ جدید ربوہ)

حل شدہ پرچے

تمام مجالس خدام الاحمدیہ سے گزارش ہے کہ وہ حل شدہ پرچے جلد از جلد مرکز میں ارسال فرما دیں۔

(مہتمم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

مرحوم کو اسے صحت کاملہ و عاجلہ سے نوازے۔ آمین۔

(شبیر احمد اقصیٰ روڈ ربوہ)

(۶) عزیزم ظفر اللہ خان مقیم مغربی جرمنی آج کل پیٹ کی بیماری میں مبتلا ہے احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اسے صحت کاملہ عطا فرمائے آمین۔

(مسز امین کے ملک دارالرحمت شرقی ربوہ)

(۷) ماہ رمضان کے بابرکت ایام میں بزرگانِ سلسلہ اور تمام احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ پاک مجھے دیانت داری سے کاروبار کرنے کی توفیق اور کاروبار میں برکت دے۔ آمین ثم آمین۔ (حبیب اللہ خان پسر خان میر خان صاحب مرحوم مالک افغان ٹمبر ورکس فیکٹری ایریا ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

درخواستہائے دُعا

۱۔ میری ہمشیرہ شریفاں بیگم صاحبہ بلڈ پریشر کے علاوہ بعض نسوانی بیماریوں میں مبتلا ہے۔ نواب شاہ کے ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ بیماری میں اب قدرے افاقہ ہے رحم میں رسولی کا اپریشن عنقریب ہونے والا ہے۔ احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمشیرہ موصوفہ کو کامل و عاجل صحت عطا فرمائے اور اپریشن کو کامیاب بنائے اور اس کے بعد پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

(محمد جمیل کارکن دفتر محاسب صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

۲۔ مکرمہ مختاراں بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم ملک محمد ابراہیم صاحب پیرو چک ضلع سیالکوٹ نے مساجد فنڈ میں ایک ہزار روپیہ عنایت فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے انکے بیٹے ملک محمد نسیم صاحب فرانکفورٹ کو بیٹا عطا فرمایا ہے قارئین کرام سے دعا کی درخواست ہے۔ (مکرم ملک محمد ابراہیم)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فہرست عطیہ دہندگان برائے علاج نادار مریضان فضل عمر ہسپتال ربوہ

(۴)

مکرمہ نسیم اختر صاحبہ محلہ دارالصدر غربی ربوہ	۱۵/-	روپے
مکرم داؤد احمد صاحب " " "	۱۰/-	"
مکرمہ سلمیٰ مہر الٰہیہ مہر الدین صاحب دارالرحمت شرقی ربوہ	۱۰/-	"
" مسز این کے ملک صاحبہ " " "	۱۰/-	"
مکرم محمد جہان زیب خان صاحب بذریعہ ملک مبارک احمد جہان صاحب اسلام آباد	۲۱/-	"
مکرمہ فضل بیگم صاحبہ منجانب محمد منیر احمد صاحب مرحوم چاہ شیخوہ ملتان	۵۰۰/-	"
مکرم جمعدار عبد الغنی صاحب چک ۳۷ جنوبی ضلع سرگودھا	۱۰۰/-	"
مکرمہ امۃ الحفیظ صاحبہ پانی پتی دارالعلوم غربی ربوہ	۱۰/-	"
" امۃ العلیم اہلیہ رشید احمد صاحب " "	۱۵/-	"
" امۃ الرشید اہلیہ عبد اللطیف صاحب بٹ ربوہ	۱۰/-	"
" ثریا بیگم اہلیہ محمد ابراہیم صاحب "	۱۰/-	"
" صفیہ بیگم اہلیہ عبد الرشید صاحب "	۱۰/-	"
" امۃ الحفیظ اہلیہ میر مظفر حسین عباسی صاحب "	۱۰/-	"
" شمیم سرور اہلیہ بشیر احمد صاحب "	۱۰/-	"
" مسعودہ بیگم " مبارک احمد صاحب دارالعلوم غربی	۱۰/-	"
مکرم پیغمبر محمد منیف صاحب پنشنر دارالفضل غربی ربوہ	۱۰/-	"
" سعید الرحمٰن پراچہ صاحب سرگودھا	۵۰/-	"
" مبارک سنز کاٹن مارکیٹ ملتان	۵۰/-	"
مکرمہ ریحانہ سلیم صاحبہ گوجرانوالہ	۲۰/-	"
مکرم شیخ محمد سلیم صاحب دنیا پور ریلوے روڈ ضلع ملتان	۱۰/-	"
مکرمہ بلقیس جہاں صاحبہ گلشن اقبال کراچی	۲۰/-	"
مکرم محمد اختر صاحب زبیدہ پارک لاہور	۱۰۰/-	"
مکرمہ محمودہ بیگم اہلیہ چوہدری بشیر احمد صاحب نارنگ منڈی	۱۵۰/-	"
مکرم امتیاز احمد بٹ صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور	۱۰۰/-	"
" سید ناصر علی صاحب شریف آباد کراچی	۱۰/-	"
" خلیفہ فلاح الدین احمد صاحب آف لندن	۵۰/-	"
" ملک عبد الرب صاحب گولبازار ربوہ	۱۰/-	"
" ڈاکٹر ناصر احمد پرویز پردازی صاحب ربوہ	۵۰/-	"
" عبد الرشید فاروقی صاحب ربوہ	۱۰/-	"
" ڈاکٹر محمد احسان صاحب ٹرک سیالکوٹ	۱۰/-	"
" مبشر احمد ابن منور احمد صاحب ربوہ	۱۰/-	"
" منیر نواز چوہدری ابن چوہدری شاہ نواز صاحب لاہور	۱۰۰۰/-	"
" راجہ عبد الشکور ابن راجہ عبد الوہاب صاحب ربوہ	۵۰/-	"
مکرمہ اہلیہ مرزا عبد الحمید صاحب مرحوم دارالصدر ربوہ	۲۰/-	"
مکرم میجر صاحب P.O.A ربوہ	۵۰/-	"
" ڈاکٹر اقبال احمد صاحب و ڈاکٹر راحیلہ احمد صاحبہ امریکہ	۵۰۰/-	"
مکرمہ رابیلہ احمد صاحبہ آف کینیڈا	۵۰۰/-	"
مکرم میجر عطاء اللہ صاحب کھوکھر و بچگان لاہور کینٹ	۵۰۰/-	"
" بشیر احمد صاحب " "	۱۰۰/-	"
" مظفر حسن و بیگم مظفر حسن صاحب " "	۲۰۰/-	"
مکرمہ صبیحہ صاحبہ " "	۵۰/-	"
" زاہدہ صاحبہ دارالعلوم شرقی ربوہ	۱۰/-	"

(باقی)

عہدیداران انصار اللہ کی خدمت میں گذارش

رمضان المبارک اپنی گوناگوں برکتوں اور رحمتوں کے ساتھ آ رہا ہے اس لئے گذارش ہے کہ:-

(۱) ہر مجلس کے عہدیدار رمضان المبارک سے پہلے نماز باجماعت کی موجودہ حاضری کا اعداد و شمار کی صورت میں مرد و زن (یعنی انصار، خدام اطفال اور لجنہ) کا جائزہ لے کر ریکارڈ رکھیں۔

(۲) پھر رمضان المبارک کے ایام میں ہر جگہ پوری کوشش کی جائے کہ رمضان سے پہلے کی حاضری کے اعداد و شمار میں نمایاں ترقی ہو جائے۔

(۳) رمضان المبارک کے ایام میں بہترین حاضری کے اعداد و شمار جو حاصل ہوں ان کو ضبط تحریر میں لایا جائے۔

(۴) اور رمضان المبارک کے فوراً بعد یہ مہم جاری کی جائے کہ رمضان المبارک میں جو برکت حاصل کی گئی ہے اس کو قائم و دائم رکھا جائے اور پھر یہ حالت گرنے نہ پائے۔

(۵) رمضان المبارک میں خصوصیت سے ہر قرآن جاننے والا مرد ہو یا عورت بچہ ہو یا جوان یا بوڑھا وہ تلاوت قرآن کریم کی پابندی کرے۔ اور کوشش کی جائے کہ کم از کم رمضان میں دو دور تلاوت کے ذریعہ پورے ہو جائیں۔

(۶) رمضان المبارک میں اپنی اپنی جگہ نماز باجماعت کے علاوہ نماز تراویح، نماز تہجد، اشراق، چاشت، نماز تسبیح اور دیگر نوافل کی طرف حتی المقدور توجہ دی جائے اور درس القرآن سے پوری طرح احباب استفادہ کرتے رہیں۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔ خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔ آمین۔

(قائد تربیت مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

جامعہ احمدیہ کے فیل شدہ طلبہ متوجہ ہوں

جو طلبہ سالانہ امتحان میں کامیاب نہیں ہو سکے ان کے لئے انٹرویو بورڈ وکالت دیوان تحریک جدید کی میٹنگ انشاء اللہ العزیز مورخہ ۲۹/۷/۸۰ بروز منگل صبح ۸½ بجے ہوگی۔ اس لئے تمام فیل شدہ طلبہ ایک دو روز قبل جامعہ احمدیہ میں حاضر ہو کر دفتر جامعہ میں اپنی حاضری کی رپورٹ کریں۔

فرداً فرداً بذریعہ خطوط بھی سب کو اطلاع بھجوا دی گئی ہے اس اجلاس کے لئے سب کا حاضر ہونا ضروری ہے۔ جو طلبہ امتحان میں کسی وجہ سے شریک نہیں ہوئے وہ بھی آجائیں۔

(پرنسپل جامعہ احمدیہ ربوہ)

دعائے مغفرت

خاکسار کی نانی جان محترمہ نواب بی بی اہلیہ صاحبہ مکرم بابو فقیر اللہ صاحب مرحوم آف بیڈن روڈ لاہور - ۱۰ جون ۱۹۸۰ء تین بجے دوپہر وفات پا گئیں

انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ کی عمر تقریباً ۷۵ سال تھی مرحومہ چونکہ موصیہ تھیں اسلئے جنازہ ۱۱ جون کو صبح ربوہ لایا گیا جہاں نماز جنازہ کے بعد آپ بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئیں۔ مرحومہ ایک خدائی اور موصیہ احمدی دعا گو اور پابند نماز و روزہ تھیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی رضا کی جنتوں میں بلند مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(انیس احمد خان ریلوے کالونی لاہور)

فریضہ زکوٰۃ اور ماہ رمضان المبارک

ادائیگی زکوٰۃ کے لئے اگرچہ کسی خاص مہینے کی تخصیص نہیں ہے۔ جس مال کو جمع ہوئے ایک سال کا عرصہ گزر جائے اس پر زکوٰۃ فرض ہو جاتی ہے۔ تاہم بعض دوست ثواب و برکت کے حصول کے لئے رمضان المبارک میں زکوٰۃ کی ادائیگی فرماتے ہیں۔

ایسے مخلص اور ایثار پیشہ احباب کی خدمت میں گزارش ہے کہ رمضان المبارک اپنے تمام تر فیوض و برکات کے ساتھ شروع ہو چکا ہے۔ لہٰذا وہ اپنی واجب الادا زکوٰۃ کی جلد ادائیگی فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کے اموال میں شب و روز برکت عطا فرمائے۔

(ناظر بیت المال آمد ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

درس القرآن مسجد دارالذکر لاہور

مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور کے زیر اہتمام ہر سال ماہ رمضان میں جمعہ کے روز درس القرآن کا اہتمام ہوتا ہے۔ امسال بھی ہوگا انشاء اللہ۔ مورخہ ۲۵/۷ کو محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد درس دیں گے۔ اطفال و خدام کے علاوہ انصار اور مستورات بھی فائدہ اٹھائیں۔ اور جمعہ کی نماز مسجد دارالذکر لاہور میں ادا فرمائیں۔

(قائد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور)

میڈیکل کالجز لاہور کے احمدی طلباء کیلئے

وہ تمام احمدی طلباء جنہیں اس سال کے کسی میڈیکل کالج میں داخلہ ملا ہو وہ مندرجہ ذیل طلباء سے رابطہ قائم کریں

کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج۔ لاہور

(۱) فہیم احمد کمرہ نمبر ۲۵۸۔ نیو ہاسٹل کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور۔ فون ۶۶۹۰۲

(۲) علامہ اقبال میڈیکل کالج لاہور۔ سہیل مقصود ۳۔ بی ڈیوس روڈ لاہور فون ۵۶۳۶۴

(صدر احمدیہ ایسوسی ایشن لاہور)

انڈسٹریل سکول میں داخلہ

نصرت انڈسٹریل سکول میں سال اوّل کا داخلہ جو بورڈ کی طرف سے ہوتا ہے اس کی تاریخ ۱۸ جولائی سے ۱۲ اگست تک ہے۔ اس کے بعد ۲۰ اگست تک ۳۵ روپے لیٹ فیس کے ساتھ ہوگا۔

جو بچیاں ڈپلومہ حاصل کرنا چاہتی ہیں۔ وہ داخلہ کے لئے جلد از جلد دفتر لجنہ اماء اللہ کے مکان پر پہنچ جائیں۔ داخلہ صبح ۸ بجے سے ۱۰ بجے تک ہوگا۔

ڈپلومہ کے علاوہ باقی بچیوں کے لئے داخلہ یکم ستمبر کو ہوگا۔

ہیڈ مسٹرس نصرت انڈسٹریل سکول ربوہ

دعائے مغفرت

خاکسار کے چھوٹے بھائی محمد عتیق ولد میاں محمد رفیق صاحب بعمر ۲۵ سال مورخہ ۲۹ جون ۱۹۸۰ء گوجرانوالہ چھاؤنی میں بوقت ساڑھے آٹھ بجے شب ایک ویگن کے حادثہ میں ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

اطلاع ملنے پر مرحوم کا جنازہ مسلم کالونی سمن آباد لاہور والد صاحب کی رہائش لایا گیا۔ اور اگلے روز ۳۰ جون ۱۹۸۰ء کو بوقت ساڑھے پانچ بجے شام نماز جنازہ مکرم محترم چوہدری عبدالستار صاحب صدر حلقہ جماعت احمدیہ سمن آباد نے پڑھائی۔ اور لاہور میں ہی سپرد خاک کیا گیا۔

مرحوم بڑے ملنسار اور حقوق العباد کا خاص خیال رکھتے تھے۔ بوڑھے والدین اور دیگر بہن بھائیوں کے لئے یہ صدمہ ناقابل برداشت ہے۔ مگر احباب جماعت نے بالعموم اور جماعت احمدیہ حلقہ سمن آباد نے بالخصوص جس رنگ میں تعزیت اور غمخواری کی اس کی مثال نہیں ملتی

ہم ان سب حضرات کے تہ دل سے مشکور ہیں اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ احباب جماعت میرے پیارے بھائی کے لئے دعا فرمائیں۔ مولیٰ کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقامات عطا فرمائے آمین

محمد رشید احمد ایڈووکیٹ ہائیکورٹ لاہور

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ اخبار الفضل خود خرید کر پڑھے۔

(منیجر الفضل)

ھُوَ الشَّافِیْ

دمہ کورس:-	ASTHMA COURSE
دمہ کیور- 15/-	ASTHMA CURE
دمہ ریلیف- 20/-	ASTHMA RELIEF
پھیپھڑا ٹانک- 5/-	LUNGSTONIC

میزان- 40/- ڈاک خرچ و پیکنگ- 5/-

تفصیلی لٹریچر کے پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھیجکر منگوائیں

کیور ٹیومیڈیسن کمپنی (ڈاکٹر راجہ ہومیو) رجسٹرڈ

پاکستان

لاہور۔ کراچی۔ حیدرآباد۔ ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

پرنس کا کانفرنس

(بقیہ صفحہ اوّل)

کے علاوہ فلپائن کے قونصل بھی ڈنر میں شامل تھے۔ جنہوں نے سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔

۱۹ جولائی کی شام واپس فرینکفورٹ تشریف لے آئے ہیں۔

احباب جماعت خاص توجہ اور پورے التزام کے ساتھ رمضان المبارک کے بابرکت ایام میں کی صحت و عافیت اور دورے کی نمایاں کامیابی اور اس کے نیک اور بابرکت ثمرات حاصل ہونے کے لئے دعائیں کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ کو ان کے تمام مقاصد میں کامیاب اور فائز المرام کرے آمین

نقدی ملی ہے

ہسپتال کو کسی کی گری ہوئی رقم ملی ہے۔ جس کسی کی رقم ہو وہ خاکسار کو مل کر حاصل کر لیں

ڈاکٹر مرزا منور احمد چیف میڈیکل آفیسر

درخواست دعا

خاکسار کی والدہ اپنے بچوں کے پاس انگلینڈ تشریف لے جا رہی ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا سفر ہر لحاظ بابرکت فرمائے۔

قریشی خلیل احمد کراچی

اعلان

کیل لکڑی بڑی اچھی حالت میں بڑے دوکانوں کے دروازے اور نیاری کی دوکان کے لئے سیکنڈ ہینڈ اعلیٰ درجہ کا فرنیچر قابل فروخت ہے۔ خواہشمند احباب منور ٹشوز گول بازار ربوہ سے ملیں۔

حکیم فضل الٰہی

۱/۸ دارالرحمت غربی ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴